سرخیاں

(۱) بی آر ایس صدر اور سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ نے ریاست میں زرعی بحران کے لئے کانگریس حکومت کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ انہوں نے یدادری بھونگیر، جنگاؤں اور سوریہ پیٹ ضلعوں میں تباہ ہونے والی فصلوں کا معائنہ کیا۔

(۲) بھارت راشٹر سمیتی کے سینئر لیڈر اور رکن اسمبلی کڈیم سری ہری اپنی بیٹی کڈیم کاویا کے ساتھ آج کانگریس پارٹی میں شامل ہو گئے۔

(۳) مرکزی وزیر اور ریاستی بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے دعویٰ کیا ہے کہ پورے ملک نے آنے والے عام چناؤ میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ووٹ دینے کا ارادہ کر لیا ہے۔

اور

(۴) عیسیٰ مسیح کو صلیب پر چڑھائے جانے کے بعد ان کے دوبارہ ظاہر ہونے کی یاد میں ایسٹر کا تہوار آج ریاست بھر میں منایا جا رہا ہے۔

☆☆☆

بھارت راشٹر سمیتی کے سینئر لیڈر اور رکن اسمبلی کڈیم سری ہری اپنی بیٹی کڈیم کاویا کے ساتھ آج کانگریس پارٹی میں شامل ہو گئے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی اور اے آئی سی سی انچارج دیپا داس منشی نے پارٹی میں ان کا استقبال کیا۔ دو دن پہلے کانگریس قائدین نے باپ بیٹی کی اس جوڑی کو حکمراں جماعت میں شامل ہونے کی دعوت دی تھی۔ سابق ڈپٹی چیف منسٹر سری ہری نے اپنے حامیوں کے ساتھ میٹنگ کے بعد یہ فیصلہ کیا۔ سری ہری حالیہ اسمبلی چناؤ میں اسٹیشن گھن پور حلقہ سے اسمبلی کے لئے چنے گئے تھے۔ ان کی بیٹی کو ورنگل لوک سبھا نشست کے لئے بی آر ایس امیدوار قرار دیا گیا تھا لیکن انہوں نے مقابلہ میں حصہ نہ لینے کا اعلان کیا۔ یہ بات صاف نہیں ہے کہ کیا کانگریس سری ہری یا ان کی بیٹی کو ورنگل لوک سبھا سیٹ سے امیدوار بنائے گی۔

☆☆☆

قائد اپوزیشن اور بھارت راشٹر سمیتی کے سربراہ چندر شیکھر راؤ نے آج جنگاؤں، سوریہ پیٹ اور یدادری بھونگیر ضلعوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے تباہ ہونے والی فصلوں کا معائنہ کیا اور کسانوں سے اپیل کی کہ وہ امید کا دامن نہ چھوڑیں۔ بی آر ایس صدر ایراولی میں اپنے فارم ہاؤس سے دورہ کا آغاز کیا اور ضلع کے حلقہ پالا کرتی کے دراوت دانڈہ پہنچے۔ انہوں نے پریشان حال کسانوں سے بات چیت کی۔ ایک کسان ستیہ اماں نے بتایا کہ اس نے چار کنویں کھدوائے لیکن کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ اس نے کہا کہ پانی نہ ہونے کی وجہ اس کی فصلیں سوکھ گئیں اور اس کے نتیجہ میں اس پر چار لاکھ روپے کا قرض ہو گیا۔ بعد میں چندر شیکھر راؤ نے اس کے لئے پانچ لاکھ روپے کی مدد کا اعلان کیا۔ انہوں نے کسانوں سے کہا کہ ہمت نہ ہاریں اور پانی اور 24 گھنٹے بجلی کے لئے جدوجہد کریں۔ اس کے علاوہ رعیتو بندھو اور کسان قرض معافی کے لئے بھی کوشش کریں۔ بعد میں چندر شیکھر راؤ سوریہ پیٹ پہنچیں۔ انہوں نے ضلع کے تنگا تورتی حلقہ کے ویلگو پلی کا دورہ کیا اور تباہ شدہ فصلوں کا معائنہ کیا۔

☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج سابق نائب وزیر اعظم لال کرشن اڈوانی کو ملک کا اعلیٰ ترین سیولین ایوارڈ بھارت رتن پیش کیا۔ صدر جمہوریہ نے اڈوانی کو نئی دہلی میں ان کی رہائش گاہ پر ایوارڈ پیش کیا۔ نائب صدر جگدیپ دھنکر، وزیر اعظم نریندر مودی، سابق

نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امیت شاہ اور اڈوانی کے ارکان خاندان اِس موقع پر موجود تھے۔صدر جمہوریہ مرمو نے سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا کہ اڈوانی نے اٹوٹ لگن اور غیر معمولی صلاحیتوں کے ساتھ سات دہوں سے زیادہ عرصہ ملک کی خدمت کی ہے۔

☆☆☆

ریاست کے ضلع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، جیاشنکر بھوپالا پلی اور ملگ میں اگلے دو دن گرمی کی لہر رہنے کا امکان ہے۔موسمیات کے مرکز نے آج یہ بات بتائی۔ روزآنہ جاری کی جانے والی موسم کی جانکاری میں کہا گیا کہ اگلے تین دن تلنگانہ میں بعض بعض جگہوں پر زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت دو سے تین ڈگری بڑھنے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ سب سے زیادہ 41.5 ڈگری سلسیس درجہ حرارت کل نظام آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆

ایسٹر کا تہوار آج ریاست بھر میں منایا جارہا ہے۔عیسو مسیح کو سلیب پر چڑھائے جانے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے کی یاد میں یہ تہوار منایا جاتا ہے۔ ریاست کے مختلف گرجا گھروں میں آدھی رات کے وقت ایسٹر کی خصوصی عبادتیں کی گئیں۔ اِس تہوار کو نئی شروعات کی علامت اور بہار کی آمد کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔عوام ہاٹ کراس بن، ایگ ہنٹ اور ایسٹر ایگ کے ذریعہ یہ تہوار مناتے ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے شہریوں خاص طور پر عیسائیوں کو ایسٹر کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیام میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار عیسو مسیح کے دوبارہ ظاہر ہونے اور پیار، محبت اور ہمدردی کی علامت ہے۔ نائب صدر جگدیپ دھنکر نے بھی عوام کو ایسٹر کی مبارکباد دی۔ وزیراعظم نریندر مودی نے تمام لوگوں کو ایسٹر کی مبارکباد دی اور کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ ہر جگہ تجدید اور امید کا پیغام پھیلے گا۔

☆☆☆

جائیداد ٹیکس کی ادائیگی کے لئے جی ایچ ایم سی کی طرف سے ون ٹائم سٹلمنٹ سرویس آج ختم ہوگئی ہے۔ جی ایچ ایم سی کے مطابق لوگ اپنا جائیداد ٹیکس ادا کرتے ہوئے 90 فیصد سود معاف کرسکتے تھے۔ جی ایچ ایم سی کمشنر نے بتایا کہ بی ایس این ایل کمپنی نے اپنے 140 جائیدادوں کے تعلق سے 13 کروڑ روپے آن لائن ادا کئے۔ انہوں نے کہا کہ مائی جی ایچ ایم سی ایپ، سٹیزن سرویس سنٹر سرکل آفیس، سیوا سنٹر یا بل کلکٹر کے دفتر پر ادائیگی کی جاسکتی تھی اور 90 فیصد رعایت حاصل کی جاسکتی تھی۔

☆☆☆

مرکزی وزیر اور ریاست بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے 2 اپریل سے حیدرآباد اور ایودھیا کے درمیان فلائٹ سرویس شروع کرنے کا اعلان کیا۔ ایک بیان میں کشن ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد اور ایودھیا کے درمیان راست پرواز کی خدمات شروع ہوں گی اور ہر منگل، جمعرات اور ہفتہ میں تین دن پروازیں چلائی جائیں گی۔ اس سے پہلے مرکزی وزیر نے شہری ہوابازی کے وزیر جوتر آدتیہ سندھیا کو ایک خط لکھتے ہوئے خواہش کی تھی کہ سری راما چندرا سوامی کے درشن کے لئے مسافروں کی سہولت کے لئے حیدرآباد اور ایودھیا کے درمیان راست پرواز شروع کی جائے۔ جوتر آدتیہ سندھیا نے اس درخواست کا فوری جواب دیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیراورریاستی بی جے پی کے صدرکشن ریڈی نے دعویٰ کیا ہے کہ پورے ملک میں آنے والے عام چناؤ میں وزیراعظم نریندر مودی کو ووٹ دینے کا ارادہ کیا ہے۔سکندرآباد پارلیمانی حلقہ میں واقع بیگم پیٹ میں انتخابی مہم کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ملک کے ہرکونے میں بی جے پی کی مضبوط قیادت کی ضرورت پرزوردیا۔انہوں نے تمام شہریوں سے کہا کہ وہ سمجھداری سے اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کریں۔انہوں نے کانگریس حکومت کے دورمیں بجلی کی قلت اورصنعتی بے چینی کو یاددلایا اوراس کے موازنہ ترقی اوراستحکام پرموجودہ حکومت کے زورسے کیا۔

☆☆☆

کرشنااکسپریس کے چوکس مسافروں نے ایک بڑے ریل حادثہ کوٹال دیا۔جنہوں نے ایک بڑی آوازسننے کے بعدریل عہدیداروں کو چوکس کیااورٹرین کویدادری بھونگیرضلع کے آلیرریلوے اسٹیشن کےقریب روکی گئی۔خبروں میں کہا گیا کہ یہ ٹرین عادل آباد سے تروپتی جارہی تھی۔جب ٹرین آلیراسٹیشن پہنچی مسافروں نے ایک بڑی آوازسنی۔ریل عہدیداروں نے پٹریوں کا معائنہ کیااور یہ بات نوٹ کی کہ ایک جگہ انہیں نقصان پہنچاہے۔فوری مرمت کے کام کئے گئے۔پٹریوں کی مرمت کے بعدٹرین نے اپناسفرپھرسے شروع کیا۔

☆☆☆

اپوزیشن اتحادانڈیانے آج دہلی کے رام لیلامیدان پرایک مہاریلی کا اہتمام کیا تاکہ دہلی کے چیف منسٹراروندکجریوال کی گرفتاری اور دوسرے مسائل پراحتجاج کیا جاسکے۔صدرکانگریس ملکارجن کھرگے نے الزام لگایا کہ مرکزی حکومت اپوزیشن جماعتوں کودھمکانے کے لئے اداروں کا غلط استعمال کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ چناؤجمہوریت اوردستورکوبچانے کے لئے ہےاوراپوزیشن کومل کرلڑائی لڑنی چاہئے۔اپوزیشن کے کئی قائدین نے اس ریلی میں حصہ لیا۔یہ پچھلے سال جون میں پٹنہ میں اتحاد بننے کے بعد سے انڈیابلاک قائدین کا پہلاجلسہ عام تھا۔

☆☆☆

آئی پی ایل کرکٹ میں سن رائزرحیدرآبادنے گجرات ٹائٹنس کو جیت کے لئے 163 رن کا نشانہ رکھا۔احمدآبادکےنریندرمودی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں سن رائزرس حیدرآباد نے ٹاس جیت کرپہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیااور 20اوورس میں 8 وکٹ پر 162 رنس بنائے۔آج کادوسرامیچ دہلی کیپٹل اورچینائی سوپرکنگس کے درمیان وشاکھاپٹنم کے وی ڈی سی اے میں کھیلا جائے گا۔یہ میچ ہندوستانی وقت کےمطابق رات ساڑھےسات بجےشروع ہوگا۔

☆☆☆

بعدمیں سوریہ پیٹ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے چندرشیکھرراؤنے ریاست میں کسانوں کے بحران کے لئے کانگریس حکومت کوذمہ دارٹھہرایا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کے لئے حکومت ذمہ دار ہےاورحکومت چلانے والے قائدین نااہل ہیں۔چندرشیکھرراؤنے کہا کہ پانی نہ ہونے کی وجہ سے 100 ایکرکی فصلیں سوکھ گئیں۔انہوں نے زرعی شعبہ کےتعلق سےکوئی دوراندیشی نہ رکھنے کے لئےحکومت پرتنقیدکی۔انہوں نے کہا کہ ان کے دورمیں پانی اوربجلی کی کوئی کمی نہیں تھی۔